ٹیلی نار کا ضابطہ اخلاق

بورڈ سے منظور شدہ

فہرست

01۔صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کا پیغام
02۔ہمارے پاس ضابطہ اخلاق ہونے کی کیا وجہ ہے؟
03۔ضابطہ اخلاق کے رہنما اصول
04۔ضابطہ اخلاق پر کس کو پیروی کرنی چاہیے
05۔ضابطہ اخلاق کو کیسے استعمال کیا جائے
06۔بطور ملازمین ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں
07۔ہمارے رہنماؤں سے کیا توقعات وابستہ ہیں
08۔انسداد بدعنوانی
09۔کاروباری شراکت دار
10۔آب وہوا اور ماحول
11۔مقابلہ
12۔رازداری اور معلومات کا برتنا
13۔مفاد کا تصادم
14۔مالی سلیت اور جعلسازی
15۔تحائف،مہمان داری اور سفر
16۔صحت،حفاظت اور لوگوں کی حفاظت (ایچ ایس اور ایس)
17۔انسانی حقوق اور مزدوروں کے حقوق
18۔بھیدی تجارت (انسائیڈر ٹریڈنگ)
19۔رشوت خوری
20۔عوامی خبریں اور سوشل میڈیا
21۔رازداری
22۔سرکاری عہدیداران
23۔ہمارے اثاثوں کی حفاظت
24۔دفتری مقام کا ماحول
25۔اپنی آواز کیسے اٹھائی جائے

صدر اور سی ای او کی جانب سے پیغام:

ہمارا ضابطہ اخلاق-بااختیار معاشرے کے قیام کیلئے ہماری بنیاد

اپنے آپ کو منسلک رکھنا اس سے جو سب سے اہم ہے

یہ ٹیلی نار کا مقصد ہے۔ ٹیلی کمیونیکیشنز میں 165 سالہ تجربے، کامیابی اور ناکامیوں دونوں کی لمبی تاریخ کے ساتھ، ہم نے مزید پائیدار اور ذمہ دار کاروبار کیلئے اپنی سرگرمیوں اور کلچر کو بہتر بنایا ہے۔ ہم جہاں بھی کام کرتے ہیں وہاں اپنے معیارات کو بلند کرنا صرف دکھاوا یا اپنے شراکت داروں کو خوش کرنے کیلئے نہیں ہوتا بلکہ ہم اس لئے کرتے ہیں کیوں کہ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ واقعی ٹھیک ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ہمارے کاروبار کیلئے بہتر ہے۔

جب ہم بااختیار بناتے ہیں تو ہم اہل بھی بناتے ہیں۔ ایک ذمہ دار کاروبار، رابطہ، جدید ترین ٹیکنالوجی اور نئے سالیوشنز کے ساتھ ہم اپنے کسٹمرز، ملازمین، رہنماؤں اور معاشرے کیلئے اس دنیا کو رہنے کیلئے ایک بہتر جگہ بنانے میں مصروف عمل رہیں گے۔

ہمیشہ تحقیق جستجو کریں، مل کر تخلیق کریں، وعدہ نبھائیں اور عزت کریں:

ہمارے رویے دراصل ٹیلی نار کلچر کے مظہر ہی نہیں بلکہ اس کے لیے ایک مثال بھی ہیں۔ دوسرے الفاظ میں یہ دونوں خود وضاحتی بھی ہیں اور پروقار بھی۔ کیوں کہ ہمارے دن ایک متوازن سرگرمی سے بھرپور ہوتے ہیں۔ ہمیں دریافت، جدت اور نئے حل تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ یہ خدمات، کاملیت، مؤثر انداز اور پائیداری کے ساتھ فراہم کرنی ہیں۔ ان دونوں نکات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ کیا ہے اور کیا ہونا چاہیے، یہ ہمارے لئے ایک اہم چیلنج ہے اور یہ ہی مسلسل کامیابی کی ضمانت ہے۔

ہمارا ضابطہ اخلاق ایک بنیاد:

یہ ضابطہ اخلاق اس اصول پر مشتمل ہے کہ ہم ٹیلی نار میں چیزوں کو کیسے دیکھتے ہیں اور اپنے کسٹمرز اور بزنس پارٹنرز کی جانب سے اسے کیسے دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہمارے رویے ہمارے ان مقاصد کی جانب اشارہ کرتے ہیں جنھیں حاصل کرنے کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ یہ ضابطہ اخلاق اس کی ترجمانی کرتا ہے۔ یہ وہی توقع جو ہمیں اپنے ہر ایک فرد سے ہے بھلے وہ کسی بھی عہدے پر ہو، کوئی کردار نبھا رہا ہو یا کہیں بھی اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہو۔ ہمارا ضابطہ اخلاق ہمیں روزمرہ کی مشکلات سے نمٹنے میں رہنمائی کرتا ہے۔ یہ ٹیلی نار کی عزت کو قائم رکھنے والے تمام اصولوں کی بنیاد ہے۔

چار اصولوں پر مبنی ضابطہ اخلاق واضح توقعات کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہے جو ہم اپنے کاروبار سے رکھتے ہیں اور کام کے دوران آنے والی تمام ترنمٹنے میں ہمیں مدد دیتے ہیں۔ یہ ضابطہ اخلاق ہمیں واضح قوانین اور رہنمائی فراہم کرتا ہے تاکہ ہم متعلقہ پالیسی ایریاز کو آسانی سے سمجھ سکیں۔ مگر یہ تمام حالات پر لاگو نہیں ہوسکتا، یہ صرف ہمیں درست فیصلوں میں رہنمائی کا ایک ذریعہ ہے۔

میری توقعات بڑی واضح اور سادہ ہیں:

ان اصولوں پر باقاعدگی سے غور کیجیئے اور ان تمام مشکلات کا حل ڈھونڈنے کی کوشش کریں جو آپ کو روزمرہ کے معمول میں پیش آتی ہیں۔ ہمیں ہر سال اپنے اس ضابطہ اخلاق کے ساتھ ایک نیا عزم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم اپنی کمپنی کے وقار کو قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کرسکیں۔

Sigve

24 اکتوبر 2021

ہمارے پاس ضابطہ اخلاق ہونے کی کیا وجہ ہے؟

مضبوط اقدار رکھنے والی کمپنی کی حیثیت سے ہمارا ضابطہ اخلاق صرف کارکردگی، مقاصد اور کامیابیوں سے متعلق نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے دوسروں کے ساتھ پیش آنے والے رویے اور ہمارے اردگرد کی دنیا سے یہ خاصا ربط رکھتا ہے۔ ہم اپنے کسٹمرز، شیئر ہولڈرز، ساتھی ملازمین، بزنس پارٹنرز اور جن کمیونیٹیز میں ہم کام کرتے ہیں ان کو بااعتماد پارٹنرز بنانے کیلئے کوشش کررہے ہیں۔ یہی اعتماد ہمارے کاروبار کی بنیاد ہے۔ اور ہم اپنے اس کاروبار کو ایک ذمہ دار، بااخلاق اور قانونی طریقہ کار سے آگے بڑھانے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ ہمارا یہ ضابطہ اخلاق ہمارے کارپوریٹ کلچر کی بنیاد ہے اور ہمارے کاروباری طریقہ کار کے معیار کا تعین کرنے کیلئے مددگار ثابت ہوتا ہے۔ ٹیلی نار کے ہر فرد پر لازم ہے کہ وہ اس ضابطہ اخلاق کی پیروی کرے۔ ہم روزانہ کی بنیاد پر ایسے فیصلے کرتے ہیں جو ہماری ساکھ پر اثرانداز ہوسکتے ہیں۔ ایک غیر منظم فیصلہ بھلے ایک بہترین نیت کے ساتھ لیا جائے تو وہ نیک نامی کو نقصان پہنچانے کی وجہ بن سکتا ہے۔

یہ ضابطہ اخلاق کے اصول ٹیلی نار میں ہمارے رویوں کے لوازمات کا تعین کرتے ہیں۔ اس ضابطہ اخلاق میں خصوصی رسک ایریاز کیلئے ہدایات موجود ہیں۔ اس کے ذریعے ہم سب آگاہ رہتے ہیں اور جان پاتے ہیں کہ ہمیں مزید معلومات اور رہنمائی کیلئے کس سے رجوع کرنا چاہیے۔

ضابطہ اخلاق کے اصول ہمارے اخلاقی کلچر کی بنیاد ڈالتے ہیں اور ہمارے کاروباری رویے کی وضاحت کرتے ہیں۔

ہم اصولوں کے تحت کام کرتے ہیں:

ہم قوانین، قواعد وضوابط اور پالیسیز کی پیروی کرتے ہیں اور اگر کہیں اختلاف موجود ہو تو ہم اعلیٰ ترین درجے کے معیار کو رہنما سمجھتے ہیں۔

ہم اپنے اقدامات کیلئے جوابدہ ہیں:

ہم باقاعدگی سے معلومات اکٹھی کرتے ہیں، اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہیں اور معاشروں پر مرتب ہونے والے اثرات کو پہچانتے ہیں۔

ہم شفاف اور ایماندار ہیں:

ہم اپنی مشکلات کے بارے میں کھل کر بات کرتے ہیں اور سچ بولتے ہیں۔

ہم آواز اٹھاتے ہیں:

ہم سوال پوچھتے ہیں اور جہاں ضرورت محسوس ہو وہاں اپنے اعتراضات بیان کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایسے کلچر کو فروغ دیتے ہیں جہاں اچھی نیت سے کئے جانے والے اعتراض کو غلط نظر سے نہ دیکھا جائے۔

اس ضابطہ اخلاق کی پیروی کس نے کرنی ہے؟

یہ ضابطہ اخلاق ٹیلی نار میں کام کرنے والے ہر فرد حتیٰ کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کیلئے بھی لازم ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ ہمارے کاروباری شراکت دار بھی اسی ضابطہ اخلاق پر عمل کر کے اعلیٰ ترین معیارات کو قائم رکھیں گے۔

ضابطہ اخلاق کو کیسے استعمال کیا جائے:

ضابطہ اخلاق کے یہ چار اصول ہماری بنیاد کو تشکیل دینے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ ہمارے دستور العمل میں شامل اضافی ہدایات کو بھی سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اس ضابطہ اخلاق کے آخری حصے میں آپ قابل اطلاق پالیسیز اور دستور العمل کے لنکس حاصل کر سکتے ہیں۔ جہاں آپ دستیاب ہدایات عملی طریقہ ہائے کار، تربیتی مواد اور دیگر مددگار ذرائع حاصل کر سکتے ہیں۔

ضابطہ اخلاق ہمارے روزمرہ کے کاموں کیلئے واضح تقاضے طے کرتا ہے اور جب ہمیں چیلنجز اور اخلاقی مخمصوں کا سامنا ہوتا ہے تو ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ جب آپ کے سوالات یا خدشات ہوں تو آپ ہمیشہ اپنے لائن منیجر یا کمپلائنس فنکشن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ انٹیگریٹی ہاٹ لائن کا استعمال کرتے ہوئے مشورہ بھی لے سکتے ہیں یا سوال پوچھ سکتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر گمنام بھی رہ سکتے ہیں۔

یہ ضابطہ اخلاق ہر مخمصے یا صورت حال کا احاطہ نہیں کر سکتا جس کا ہمیں اپنے روزمرہ کے کام میں سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کاروباری چیلنجز اور غیر یقینی قانونی اور ریگولیٹری پیش رفت جاری رہے گی۔ ایسے معاملات میں ہم اعلیٰ ترین اخلاقی معیار کو برقرار رکھنے کی ذمہ داری سے آزاد نہیں ہوتے، لیکن ہمیں صحیح فیصلہ کرنے میں مدد کرنے کیلئے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔ ہمارے اپنے اخلاقی معیارات کے تعین کے علاوہ ضابطہ اخلاق کے اصول ہم سے قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تکمیل کرنے کا تقاضا کرتے ہیں۔ آپ کو ہمیشہ اپنے آپ کو ان قوانین سے واقف کرانا چاہیے جہاں آپ کام کرتے ہیں اور اگر آپ کے سوالات ہیں تو لیگل فنکشن سے رہنمائی حاصل کریں۔

بطور ملازمین ہم سے کیا توقعات کی جاتی ہیں:

ٹیلی نار کے ملازم ہونے کی حیثیت سے۔ آپ سے توقع ہے کہ

- آپ ہمیشہ اعلیٰ دیانتداری سے کام کریں گے۔
- کوڈ، پالیسیز اور مینوئلز کو پڑھیں، سمجھیں اور ان پر عمل پیرا ہوں۔
- تشویش کے مسائل اٹھائیں جیسا کہ سیکشن ''بات کیسے کی جائے'' کے تحت بیان کیا گیا ہے۔
- کوڈ پر تربیتی سیشنز میں بروقت شرکت کریں اور ان سیشنز میں دی جانے والی تربیت سے مفید ہوں۔
- جانیں کہ مزید رہنمائی کب اور کیسے حاصل کی جائے۔
- تمام تر تحقیقات میں مکمل اور شفاف انداز سے تعاون کریں گے۔
- کسی بھی [illegible]

۔ ان خطرات کا اندازہ لگائیں جن کا آپ سامنا کر سکتے ہیں اور ان کا مؤثر طریقے سے انتظام کرنے کے لئے مناسب تربیت اور رہنمائی حاصل کریں۔

ہمارے رہنماؤں سے کیا توقعات کی جاتی ہیں:

ٹیلی نار کے قائدین سے قواعد وضوابط پر عمل درآمد ہی نہیں بلکہ یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ

۔ خود عملی مظاہرے کا اظہار کریں گے اور تعمیل کی اہمیت پر باقاعدگی سے ابلاغ کریں گے۔

۔کاروباری تعمیل کے خطرے والے علاقوں کی نشاندہی کریں اور ان کی توقع کریں جو آپ کی ٹیموں کے کاموں کو متاثر کرتے ہیں۔

۔فعال طور پر ایسے اقدامات کی نشاندہی کریں جو تعمیل کے خطرات کو کم کریں گی۔

۔اس بات کو یقینی بنائیں کہ ٹیمیں مناسب طور پر تربیت یافتہ ہیں اور آنے والی مشکلات سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، اس کے علاوہ جہاں ضرورت ہو وہیں ضروری رہنمائی فراہم کریں۔

۔اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کھلی رپورٹنگ کے ماحول کو فروغ دیں کہ ٹیم کے تمام اراکین جوابی کارروائی کی فکر کئے بغیر خدشات کو رپورٹ کرنے میں آرام محسوس کریں۔

۔ ہمارے طرزِعمل کیلئے روڈ ماڈل کے طور پر کام کریں جیسا کہ فیصلہ سازی اور دیگر عوامل میں دیکھا گیا ہے۔

۔کام کی جگہ پر خود شمولیتی صفات اور تنوع کی ترغیب دیں۔

۔ملازمت اور ترقی کے عمل کو پروان چڑھانے کیلئے عزت ووقار کے اعلیٰ ترین معیارات کو استعمال کریں۔

۔ایسی حکمت عملی، اہداف یا ٹائم لائنز سے بچیں جو ملازمین یا کاروباری شراکت داروں پر غیر اخلاقی کاروباری طریقوں میں مشغول ہونے کیلئے دباؤ ڈال سکتے ہیں۔

ضابطہ اخلاق کے حصے

انسداد بدعنوانی:

بدعنوانی ٹیلی نار کیلئے ناقابل برداشت ہے:

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

۔ہم رشوت خوری، غیر مناسب ادائیگی یا فوائد کو کسی صورت برداشت نہیں کرتے۔

۔ہم اپنے کاروبار کو ایک شفاف اور ایماندار طریقے سے چلانے کیلئے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔

۔رشوت بہت سی شکلیں لے سکتی ہے، جس میں سہولیات کی ادائیگی، کک بیک سکیم اور شیل کمپنیوں یا چھپے ہوئے مالکان کا استعمال شامل ہے۔

۔عوامی حکام کو انسداد بدعنوانی پر عمل یقینی بنانا چاہیے اور زیادہ احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

۔تحائف اور مہمان نوازی بھی رشوت ہی کے زمرے میں آتے ہیں جس سے غیر قانونی فوائد دے کر ایک خاص صورت حال زیر اثر لانے کا مقصد زیرِ غور ہو سکتا ہے۔

۔خیراتی اور اشتراک پر مبنی عطیات بھی رشوت خوری سمجھے جاتے ہیں اگر ان کی مدد سے کوئی کمرشل فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔

۔ ہماری سپلائی چین میں انسداد بدعنوانی کا ذرا سا شبہ بھی ٹیلی نار کی ساکھ پر بری طرح اثر انداز ہو سکتا ہے بھلے ہم براہِ راست اس میں شامل ہوں یا نہ ہوں۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم کبھی بھی رشوت یا اثر ورسوخ کے ذریعے تجارتی عمل میں ملوث نہیں ہوتے۔

۔ہم کبھی بھی کسی غیر قانونی ادائیگی کی نہ تو پیش کش کرتے ہیں اور نہ طلب کرتے ہیں اور نہ قبول کرتے ہیں۔

۔ہم سہولیاتی ادائیگیوں کو تب تک قبول نہیں کرتے جب تک ہمیں یقین نہ ہو جائے کہ ہماری زندگی خطرے میں ہے۔

۔ہم ہمیشہ کسی تیسری پارٹی کی جانب سے کی جانے والی سہولیاتی ادائیگی کی پیش کش کے بارے میں رپورٹ کرتے ہیں۔

۔ہم ضابطہ اخلاق میں کسی دوسرے کو شامل ہونے کا نہیں کہیں گے جس میں ہم خود شامل نہیں ہوتے۔

۔ہم اپنے بزنس پارٹنرز کو انتہائی احتیاط سے منتخب کرتے ہیں اور ضابطہ اخلاق کے مطابق ان کے وعدوں کی نگرانی کرتے ہیں۔

۔ہم اپنی کتابوں کو باقاعدگی سے محفوظ رکھتے ہیں تاکہ کاروبار کی شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

۔سرکاری حکام کے ساتھ گفت وشنید میں ہم انتہائی احتیاط برتتے ہیں۔

کس چیز کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔ان تمام غیر معمولی اور غیر قانونی ادائیگیوں سے آگاہی جن کا براہِ راست کاروبار سے کوئی تعلق نہیں۔

۔اگر ہمیں شبہ ہو کہ ٹیلی نار کا کاروباری شراکت دار کاروباری ضابطہ اخلاق سے مطابقت نہیں رکھ رہا۔

۔اگر ہمیں خبر ملے کہ ہمارا بزنس پارٹنر کسی سرکاری حکمران سے ہماری طرف سے بات کر رہا ہے۔

۔اگر کسی قسم کے عطیات یا اشتراکی کمپنی کی جانب سے درخواست کی جائے جس کا تعلق کسی عوامی حکمران سے ہو۔

۔اگر کسی بھی وجہ سے تحائف، سفر، عطیات یا انتہائی مہنگی تفریح یا کوئی کیش ادائیگی کی پیش کش کی جائے۔

کاروباری شراکت دار:

ہم اپنے کاوروباری شراکت داروں سے توقع کرتے ہیں کہ وہ ہمارے معیارات پر پورا اتریں گے اور ہماری اقدار کا احترام کریں گے۔

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔ہمارے کاروباری شراکت داروں کے اقدامات ہماری ساکھ کو متاثر کرسکتے ہیں اور قانونی طور پر ہمیں جوابدہ بنا سکتے ہیں۔

۔کاروباری شراکت داروں میں افراد اور ادارے مثلاً سپلائرز، ایجنٹس، ڈسٹری بیوٹرز، فرنچائزز اور مشترکہ منصوبہ جات کے شراکت دار اور اس کے ساتھ ساتھ سپانسرشپ و عطیات کے وصول کنندگان شامل ہیں۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم سب صرف ان کاروباری شراکت داروں کے ساتھ کام کرتے ہیں جو ذمہ دار کاروباری ضابطہ اخلاق کے قابل اطمینان معیارات اور اخلاقی اقدار پر عمل کرتے ہیں۔

۔ہم اپنے کاروباری شراکت داروں سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ تمام قوانین کی پابندی کریں گے اور ذمہ دار کاروباری ضابطہ اخلاق اور ہمارے لئے کام کرتے ہوئے ہمیں کسی بھی خطرے سے محفوظ رکھنے کیلئے ٹیلی نار سپلائر کنڈکٹ پرنسپلز کی پیروی کریں گے۔

۔ہم کاروباری شراکت دار منتخب کرتے ہوئے انتہائی احتیاط سے کام لیتے ہیں اور ٹیلی نار کے پراسیجرز کی پیروی کرتے ہیں بشمول رسک اسسمنٹس۔

َ۔ہم اپنے کاروباری شراکت داروں کی نگرانی کرتے ہیں اور انھیں مدد فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ اپنی سرگرمیاں ٹیلی نار کے معیارات کے مطابق سرانجام دیں۔

۔ہم کاروباری مواقع کا بغور جائزہ لیتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ یہ تجارتی معاملات سے مطابقت رکھتے ہیں یا نہیں جن میں سینکشن رجیم اور درآمدات اور برآمدات کی ضروریات بھی شامل ہیں۔

۔ہم تمام کاروباری شراکت داروں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور انتہائی شفاف انداز سے کام کرتے ہیں۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔ہمارا واسطہ ایک ایسے کاروباری شراکت دار سے ہو جو ہمارے معیارات بشمول جہاں نافذ العمل ہو تو ٹیلی نار کے سپلائر کا طرز عمل کے اصولوں کی مکمل پاسداری نہیں کرے گا۔

۔ہم ایک ایسے کاروباری شراکت دار کو ساتھ ملانا چاہتے ہیں جو لابسٹ، ایجنٹ یا ٹیلی نار کی جانب سے کسی پارٹی کے طور پر کام کرے گا۔

۔ہمیں پتہ چلے کہ ایک کاروباری شراکت دار نے ایسے انداز میں کاروباری امور سرانجام دیئے ہیں جس سے ٹیلی نار پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

۔کوئی ایسا کاروباری شراکت دار جس کی ٹیلی نار کی شرائط وضوابط کے مطابق باقاعدہ چھان بین نہ کی گئی ہو۔

۔ہمیں ایسے طرز عمل یا حالات کا پتہ چلا ہو جو ہمیں کسی کاروباری شراکت دار کے طرز عمل یا اخلاقیات پر سوال اٹھانے پر مجبور کرتے ہیں

آب وہوا اور ماحول:

ہم توانائی، پانی اور خام مال سمیت اپنے وسائل کے استعمال کو کم سے کم کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔ہم مقامی اور بین الاقوامی ماحولیاتی معیارات سے مطابقت رکھتے ہیں۔

۔ہم اپنے توانائی، پانی اور خام اشیاء کے ذرائع کو کم سے کم بنانے کیلئے کوشش کررہے ہیں۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم اپنے آپریشنز سے گرین ہاؤس گیس زدہ مادے کے اخراج کو کم کرنے کیلئے معقول کوشش کررہے ہیں۔

۔ہم مصنوعات اور خدمات خریدتے وقت آب وہوا اور ماحولیاتی اثرات پر غور کرتے ہیں اور ذمہ دار کاروباری معیار پر اپنے سپلائرز کا جائزہ لیتے ہیں۔

۔ہم اپنے فضلے کو کم سے کم کرنے کیلئے معقول کوشش سمیت پائیدار ویسٹ مینجمنٹ کی حمایت کرتے ہیں۔

۔ہم شفاف ہیں اور رپورٹ کرتے ہیں کہ ہماری سرگرمیاں آب وہوا اور ماحولیات کو کیسے متاثر کرتی ہیں۔

۔ہم ایسے واقعات کی اطلاع دیتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں کہ آب وہوا اور ماحولیات کو نقصان پہنچارہے ہیں۔

کن چیزوں کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے:

۔ہم ٹیلی نار کے ایسے آپریشنز اور سپلائیرز کے بارے میں آگاہ ہو جو معصومیت اور ماحول کے حوالے سے ٹیلی نار کے معیار پر پورا نہ اتریں۔

۔ہمارے علم میں آئے کہ ماحولیات کے متعلقہ قوانین اور کمپنی کے قواعد کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔

مقابلہ:

ہم شفاف انداز سے مقابلہ کرتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہو:

۔شفاف مقابلہ معاشروں کیلئے بہت ضروری ہے اور ٹیلی نار جہاں بھی موجود ہے وہاں کے لئے دیرپا کاروباری مواقع پیدا کرتا ہے۔

۔ناجائز فوائد سے کام لینا، کسٹمرز، بزنس پارٹنرز اور عوام کی نظر میں ہمارے منفی تاثر کا باعث بن سکتا ہے۔

۔مقابلے کے بغیر معاہدے نہ صرف ہمارے معیارات کے خلاف ہیں بلکہ قانون کے خلاف بھی ہیں۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم خود اپنی پرائسنگ اور بزنس کی حکمت عملی بناتے ہیں اور اپنی خدمات کے معیار پر مقابلہ کرتے ہیں۔

۔ہم اپنے مقابل سے کم سے کم گفتگو کرتے ہیں اور کمرشل طور پر حساس معلومات شیئر نہیں کرتے۔

۔ہم رسمی یا غیر رسمی طور پر بھی اپنے مقابل سے کسی ایسے معاہدے پر اتفاق نہیں کرتے جو مارکیٹ شیئر، فکس پرائس یا ان پٹ اور سیلز کو محدود کرنے سے متعلق ہو۔

۔کوئی بھی ٹریڈ ایسوسی ایشن یا انڈسٹری فورم میں شرکت سے پہلے ہم اپنی اندرونی ہدایات سے تصدیق حاصل کرتے ہیں۔

۔ہم اپنے آپ کو کسی بھی طرح کے مذاکرے سے فوراً الگ کرتے ہیں اور اپنی قانونی ٹیم یا انٹگریٹی ہاٹ لائن کو رپورٹ کرتے ہیں جو اصل یا ممکنہ مقابل سے کسی بھی غیر مناسب یا مقابلے کے برعکس موضوع پر بات کرتا ہے۔

۔ہمارا فریضہ ہے کہ ہم قوانین کی خلاف ورزی پر ہونے والے شبے کی صورت میں لیگل فنکشن کو رپورٹ کریں۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔اگر ہمیں اصل یا ممکنہ مقابل کی جانب سے، کسٹمرز یا کاروباری شراکت داروں کی جانب سے قیمتوں، حکمت عملی، کاروباری راز یا ان سے ملتے جلتے موضوعات کے حوالے سے کوئی معلومات دی جائے۔

۔اگر ہمیں شبہ ہو کہ سرکاری یا غیر سرکاری طور پر کوئی معاہدہ طے پاچکا ہے یا پانے والا ہے جو ہمارے مقابل کی کسٹمرز تک رسائی کو محدود کردے گا یا متعلق مارکیٹ کو محدود کردے گا۔

۔اگر ہم اپنے اصل یا ممکنہ مقابل کے ساتھ غیر رسمی یا سوشل ملاقاتوں کا منصوبہ بنائیں۔

۔اگر ہم اپنے اصل یا ممکنہ مقابل کے ساتھ ایسی ملاقات کا منصوبہ بنائیں جس میں حساس معلومات شیئر کرنے کے اشارے موجود ہوں۔

۔اگر ہم قیمتوں کی ایسی حکمت عملی یا دیگر مارکیٹ اسٹریٹیجیز کا منصوبہ بنائیں جو اپنی نمایاں پوزیشن کا غلط استعمال تصور کی جائے۔

صیغہ رازی اور معلومات کو برتنا:

ہم معلومات کو ایک قیمتی اثاثہ سمجھتے ہیں اور اسی کے مطابق عمل کرتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔کمپنی کے ملازمین کی حیثیت سے ہمیں کبھی کبھار ٹیلی نار سے متعلق، کسٹمرز یا بزنس پارٹنرز سے متعلق خفیہ معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

۔زیادہ تر معلومات ڈیجیٹل نوعیت کی ہوتی ہیں جن تک آسانی سے رسائی حاصل ہو سکتی ہے، تبدیلی کی جاسکتی ہے، شیئر کی جاسکتی ہے یا اس کی نقل کی جاسکتی ہے۔

۔ریکارڈز اعلیٰ کارپوریٹ ویلیو کے ساتھ معلومات ہی ہوتے ہیں۔ ٹیلی نار کے لئے یہ بہت ضروری ہیں اور ان کی نشاندہی کر کے محفوظ کرنا چاہیے۔

۔کچھ بیرونی لوازمات بھی ہو سکتے ہیں کہ کتنی دیر تک آپ مختلف قسم کی معلومات کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

۔ٹیلی نار کے مفادات کی حفاظت اور ریگولیٹری عمل کو محفوظ بنانے کیلئے راز داری بہت ضروری ہے اور اس کے ساتھ ساتھ راز داری ہمیں ہمارے اثاثہ جات کے وقار کو قائم رکھنے میں بھی مدد دیتی ہے۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم صرف تب خفیہ معلومات دینے کے مجاز ہیں جب ہمیں باضابطہ طور پر یہ اختیار دیا جائے اور اس کی قانونی وجہ بیان کی جائے۔

۔ہم غیر مجاز رسائی سے اپنی معلومات کو بچاتے ہیں۔

۔ہم نالج شیئرنگ کے کلچر کو پروان چڑھاتے ہیں مگر خفیہ معلومات کے حوالے سے بہت احتیاط کرتے ہیں۔

۔ہم تیسری پارٹی کی معلومات کو بھی اسی طرح سے محفوظ رکھتے ہیں جیسے ہم اپنی معلومات کی حفاظت کرتے ہیں۔

۔ہم عوامی مقامات پر حساس معاملات پر بات نہیں کرتے۔

۔ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ٹیلی نار سے متعلق تمام معلومات سچ ہے، درست ہے، اعلیٰ پیشہ ورانہ اور تخلیقی معیارات سے مطابقت رکھتی ہے۔

۔ہم ٹیلی نار کے تصدیق شدہ نظام کو استعمال کرتے ہیں اور معلومات سے متعلق تمام سرگرمیوں کو اسی خاص ہدایات کے مطابق سرانجام دیتے ہیں۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔اگر ہمیں پتہ چلے کے کوئی ٹیلی نار کا ملازم پبلک میں کسی غیر عوامی معلومات کے بارے میں بات کر رہا ہے۔

۔اگر کوئی بزنس پارٹنر ہم سے درخواست کرتا ہے کہ کسی طرح کی راز داری کا معاہدہ کیا جائے یا کوئی اعلانیہ معاہدہ کیا جائے۔

۔اگر ہم کچھ ایسی معلومات کو سنبھال رہے ہیں جن میں کمپنی کے ریکارڈز ہیں اور وہ حساس نوعیت کے ہیں اور انھیں محفوظ رکھنا چاہیے۔

۔اگر کوئی ہمیں ایسی گفتگو میں شریک کرنے کی کوشش کرتا ہے جو ٹیلی نار کے بزنس کی تفصیلات سے متعلق ہو۔

۔اگر آپ کسی بیرونی پارٹی کے ساتھ خفیہ معلومات شیئر کرتے ہیں۔

مفادات کا تصادم:

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔مفادات کا تصادم تب پیدا ہوتا ہے جب ہمارے ذاتی مفادات ٹیلی نار کے مفادات سے ٹکراتے ہیں۔

۔ذاتی مفادات میں معاشی/مالی مفادات، کاروباری مواقع، کوئی بیرونی ملازمت یا ایسے لوگوں کے مفادات جو ہمارے قریب ہیں جیسا کہ قریبی خاندان کے لوگ، ذاتی دوست یا بزنس ایسوسی ایٹس۔

۔حتیٰ کہ یہ تاثر کہ ہم ٹیلی نار کے بہترین مفاد کیلئے کام نہیں کر رہے ہماری نیک نامی اور وقار پر منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔

۔ٹیلی نار کیلئے کیے جانے والے تمام تر فیصلے ٹیلی نار کے وسیع تر مفاد میں ہونے چاہئیں جن سے ہمارے ذاتی مفادات کا ٹکراؤ ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔

۔کھل کر بولنا اور شفافیت اصل میں ممکنہ اور اصلی مفادات کے تصادم سے اجتناب کے بہترین ذرائع ہیں۔

۔کمپنی کے کسی بھی طرح کے فائدے کے باوجود بھی مفادات کا ٹکراؤ ہو سکتا ہے۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم سب کو مفادات کے ٹکراؤ اور دیگر صورتوں سے گریز کرنا ہے جو ہمارے تاثر پر سوالیہ نشان چھوڑیں۔

۔ہم فوری طور پر اصل یا ممکنہ اور مبینہ طور پر ہونے والے مفادات کے ٹکراؤ سے متعلق اپنے منیجر کو آگاہ کرتے ہیں۔

۔ہم مفادات کے ٹکراؤ سے نمٹنے کیلئے اپنے منیجر کے ساتھ کام کرتے ہیں اور اپنے فیصلوں اور عوامل کو تحریری صورت میں لاتے ہیں۔

۔اگر مفادات کے ٹکراؤ سے گریز نہ کیا جاسکے تو ہم ہمیشہ کمپلائنس فنکشن کو شامل کرتے ہیں۔

۔ہم کوئی بھی بیرونی فرائض یا عہدہ نہیں سنبھالتے جو ٹیلی نار کے کاروباری مفادات کو نقصان پہنچائے۔

۔ہم کسی بھی بیرونی ڈائریکٹرشپ یا اسائنمنٹ قبول کرنے سے پہلے اپنے منیجر سے تحریری تصدیق لیتے ہیں اور کمپنی کے قوانین سے متعلق مطابقت رکھتے ہوئے ریکارڈ محفوظ رکھتے ہیں۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔اگر ہم مالی یا اکاؤنٹنگ میں بے ضابطگی دیکھتے ہیں۔

۔اگر ہمیں اس بات کا علم ہوجاتا ہے کہ کسی ساتھی یا کاروباری پارٹنر نے کسی بھی دستاویز کو غلط بنایا ہے۔

۔اگر ہمیں یقین نہیں ہے کہ آیا ہم نے لین دین کو صحیح طریقے سے ریکارڈ کیا ہے۔

۔اگر ہم فکرمند ہوجائیں کہ کوئی بھی ملازم مالی معلومات کی غلط اطلاع دے رہا ہے بشمول سیلز کے نتائج یا پیشین گوئیاں۔

۔اگر ہمیں تشویش ہو کہ ٹیلی نار کے وسائل ہماری پالیسیز کے مطابق خرچ یا ریکارڈ نہیں کیے جارہے۔

مالی سالمیت اور جعلسازی:

ہم درست مالیاتی ریکارڈ برقرار رکھتے ہیں اور انکشافی تمام معیارات کی تعمیل کرتے ہیں۔

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔معاشی وقار ہمارے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، بزنس پارٹنرز اور ملازمین کا اعتماد حاصل کرنے کیلئے سب سے زیادہ ضروری ہے۔

۔بین الاقوامی معاشی رپورٹنگ کے معیارات نہ صرف ضروری ہیں بلکہ یہ ہمیں اپنا بزنس بہتر انداز سے چلانے میں مدد بھی دیتے ہیں۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم سب ٹیلی نار اکاؤنٹنگ پرنسپلز (ٹی اے پی) کے پابند ہیں جنھیں انٹرنل کنٹرولز دیکھتا ہے اور ٹیلی نار اس پر عمل درآمد کو یقینی بناتا ہے۔

۔ہم تمام ٹرانزیکشنز قانونی فریضوں کے مطابق پوری کرتے ہیں جو کہ اکاؤنٹنگ کی بہترین سرگرمیوں میں شمار ہوتی ہیں۔

۔ہم درست، بااعتماد، شفاف اور تواتر کے ساتھ وقت پر رپورٹ کرتے ہیں۔

۔ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ اخراجات مناسب ہیں اور مناسب انداز سے رپورٹ کیے گئے ہیں جب ہم کمپنی کا پیسہ خرچ کرتے ہیں۔

۔ہم قابل اطلاق گروپ یا مقامی اتھارٹی میٹریکس کے مطابق فیصلے کرتے ہیں اور فرائض کی تقسیم کو یقینی بناتے ہیں جہاں ضروری ہو۔

۔ہم حقائق کی تصدیق کرتے ہیں اور معلومات کی تکمیل کرتے ہوئے کسی بھی ٹرانزیکشن کی تصدیق یا دستاویز پر دستخط سے پہلے کاروباری منطق کو سامنے لاتے ہیں۔

۔ہم جعلی ریکارڈز نہیں بناتے، جھوٹی دستاویزات یا غلط پرنٹ شدہ حقائق، ٹرانزیکشنز اور نہ ہی فنانشل ڈیٹا۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔اگر ہم مالی یا اکاؤنٹنگ میں بے ضابطگی دیکھتے ہیں۔

۔اگر ہمیں اس بات کا علم ہوجاتا ہے کہ کسی ساتھی یا کاروباری پارٹنر نے کسی بھی دستاویز کو غلط بنایا ہے۔

۔اگر ہمیں یقین نہیں ہے کہ آیا ہم نے لین دین کو صحیح طریقے سے ریکارڈ کیا ہے۔

۔اگر ہم فکرمند ہوجائیں کہ کوئی بھی ملازم مالی معلومات کی غلط اطلاع دے رہا ہے بشمول سیلز کے نتائج یا پیشین گوئیاں۔

۔اگر ہمیں تشویش ہو کہ ٹیلی نار کے وسائل ہماری پالیسیز کے مطابق خرچ یا ریکارڈ نہیں کیے جارہے ہیں۔

تحائف، مہمان داری اور سفر:

ہم اپنے اخراجات خود برداشت کرتے ہیں اور کاروباری نوازشوں کی پیش کش کرتے ہوئے بہترین فیصلہ کرتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔کاروباری نوازشیں مثلاً تحائف، مہمان نوازی اور سفر وغیرہ کے نتیجے میں مفادات کا ٹکراؤ ہوسکتا ہے یا چند صورتوں میں انھیں رشوت سمجھا جاسکتا ہے۔

۔تحائف سے مراد وہ چیزیں ہیں جو کسی کے جواب میں کچھ ملنے بشمول خیر سگالی کی توقع رکھے بغیر دی جاتی ہیں۔

۔مہمان نوازی کی مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں، ان میں کھانے، سیمینارز، ریسیپشن، مشروبات، سماجی ایونٹس اور تفریح شامل ہے۔

۔سفر میں ایک سے دوسری جگہ جانے کے اخراجات بشمول ٹیکسی، بس، ٹرین، فلائٹ، رہائش و ہوٹل اور اس سے جڑے دیگر اخراجات شامل ہیں۔

۔کاروباری شراکت داروں بشمول سرکاری عہدیداروں کو تحائف لینے یا دینے کے سلسلے میں سخت اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم کبھی بھی ایسی کاروباری نوازشوں کی پیش کش یا قبولیت نہیں کرتے جو کسی کاروباری فیصلے پر غلط انداز سے اثر انداز ہوسکتی ہیں یا جن کے بارے میں ایسا سوچا جاسکتا ہے۔

۔ہم کبھی بھی نقدی یا نقدی کے مساوی یا مہنگے اور اسراف کے زمرے میں آنے والے تحائف قبول نہیں کرتے اور نہ ہی ان کی پیش کش کرتے ہیں۔

ہم معمول کی تشہیری اشیاء کے علاوہ کسی طرح کے تحائف کی قبولیت یا پیش کش نہیں کرتے ماسوائے ایسی صورت میں جب کہ ایسا کرنا عمومی روایت ہو۔

۔اگر کاروباری مقاصد واضح اور جائز ہوں، قیمت مناسب ہو اور پس منظر صاف اور شفاف ہو تو ہم مہمان نوازی کی پیش کش کر سکتے ہیں یا مہمان نوازی کو قبول کر سکتے ہیں تاہم اپنے اخراجات کو خود برداشت کرنا ہماری ترجیح ہوتی ہے۔

۔ہم اپنے سفری، اقامتی اور متعلقہ اخراجات کی ادائیگی خود کرتے ہیں، اسی طرح ہم کسی اور فرد کی سفری، اقامتی یا دیگر اخراجات کی ادائیگی نہیں کرتے۔

۔ہم کاروباری نوازشات اہل خانہ یا دوستوں کو دینے کی اجازت نہیں دیتے۔

۔ہم کاروباری نوازشوں کی پیش کش کرنے یا انھیں قبول کرنے سے متعلق ہمیشہ فوری اپنے سپروائزر سے بات چیت کرتے ہیں۔

کن چیزوں کو دیکھنا ضروری ہے:

۔کاروباری نوازشوں کی پیش کش حساس صورتوں مثلاً جاری سودے بازی یا خریداری کے عمل کے دوران کی گئی ہے۔

۔اگر عقیدے پر مبنی تنظیموں، سیاسی، سرکاری، فوجی، پولیس اور دیگر عوامی اداروں اور اداروں کو کفالت، عطیہ یا تعاون کرنے کیلئے کہا جائے۔

۔ہمیں ایسی کاروباری نوازشوں کا پتہ چلا ہے جن کیلئے کھلے اور شفاف انداز میں پیش کش یا قبولیت ہوتی نظر نہیں آئی۔

۔ہمیں یقین ہے کہ کاروباری نوازش کی پیش کش کرنے یا انھیں قبول کرنے کی صورت میں دوسروں کو ہماری خودمختاری، بامقصدیت یا ایمانداری پر سوال اٹھانے کا موقع ملے گا

۔ہمیں اس سے متعلق کاروباری شراکت دار سے بار بار پیش کش کیے جانے یا اسے پیش کشیں کیے جانے کے متعلق پتہ چلا ہے

صحت، حفاظت اور لوگوں کا تحفظ (HS&S):

ہم صحت، حفاظت اور لوگوں کا تحفظ (HS&S) کے عالمی معیارات سے مطابقت رکھتے ہیں۔ اور اس میدان میں اعلیٰ ترین معیارات کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہیں

ہم (HS&S) کو اپنے انتہائی اہم موضوع کی حیثیت سے قبل از وقت اقدامات لینے کیلئے ایک ایسے کلچر کو فروغ دیتے ہیں جس سے لوگوں کی صحت، حفاظت اور تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔

ہم (HS&S) میں اپنے ملازمین اور سپلائرز کی جانب سے قبل از اقدامات اور فوری واقعات کی رپورٹنگ کے کلچر کو بھی پروان چڑھا رہے ہیں۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم اپنے دفتری ماحول اور اپنے گرد موجود افراد کے متعلق آگاہ ہیں۔ ذمہ دارانہ طرزِ عمل رکھتے ہیں اور اپنے اعمال کیلئے خود جوابدہ ہیں۔

۔ہم تحفظ کے حوالے سے قبل از وقت اقدامات کو یقینی بناتے ہیں اور اپنے سپلائرز کے ساتھ بات چیت کر کے صحت اور تحفظ کے تمام تر خطرات کو ختم کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔

۔ہم اپنے کام کی جگہ پر ممکنہ خطرات سے خود کو آگاہ کرتے ہیں اور اپنے ملازمین اور کاروباری شراکت داروں کی صحت، حفاظت اور بہبود کو لاحق خطرات کو کم کرنے کیلئے مسلسل کام

۔ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ سیکھے جانے والے اسباق اور مسلسل بہتری کیلئے واقعات ،قریب کی کمی ، غیر محفوظ کارروائیاں اور حالات ان کی شدت سے قطع نظر رپورٹ کیے جائیں۔

َ۔ہم فوری طور پر روکتے ہیں اور غیر محفوظ کام کی اطلاع کر کے اس کو بند کرتے ہیں۔

کن چیزوں کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے:

۔اگر ہم کوئی غیر محفوظ حرکات وسکنات دیکھتے ہیں جو خود کو ہمارے ساتھیوں یا سپلائرز کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔

۔اگر ہمیں کسی ملازم کی صحت ،حفاظت اور بہبود کے بارے میں تشویش ہے۔

۔اگر ہماری پالیسی اور تقاضوں پر عمل نہیں کیا جاتا ہے یا (HS&S)، قانون سازی کی تعمیل نہیں کرتے ہیں۔

۔غیر محفوظ حالات ، بڑھتے ہوئے تناؤ، نامناسب رویے یا ملازمین اور/یا کاروباری شراکت داروں کی صحت کی خرابی کی کوئی علامت موجود ہو۔

انسانی حقوق اور مزدوروں کے حقوق:

ہم انسانی حقوق اور مزدوروں کے حقوق کا احترام کرتے ہیں اور اُن کا ساتھ دیتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔بین الاقوامی بنیادی اصولوں ، کنونشنز اور مقامی قوانین میں متعین کردہ امتیاز کے بغیر ہم سب انسانی حقوق اور مزدوروں کے حقوق کے برابر کے حقدار ہیں

۔انسانی حقوق کا احترام کرنا ہماری ذمہ داری ہے ،انسانی حقوق کا احترام ٹیلی نار کے کاروبار اور ہم کس طرح کام کرتے ہیں اس کے لئے لازمی ہے۔مزدوروں کے حقوق انسانی حقوق کا اہم حصہ ہیں۔

ہم معاشرے پر انسانی حقوق کے مثبت اثرات میں حصہ ڈالنے کیلئے پرعزم ہیں۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم اپنے ساتھیوں ، ہمارے کاروباری شراکت داروں کے ملازمین ، ہمارے صارفین اور ہمارے کاموں سے متاثر ہونے والے کسی بھی فرد کے انسانی حقوق اور مزدور کے حقوق کی خلاف ورزی نہ کرنے کیلئے ضروری اقدامات کرتے ہیں اور نہ ہی ہم دوسروں کی خلاف ورزیوں میں ملوث ہیں۔

۔ہم انسانی حقوق یا مزدوروں کے حقوق کی کسی بھی حقیقی یا ممکنہ خلاف ورزی کے بارے میں اپنے مینجر رز کو یا دیگر موجود میکانزم جیسا کہ انٹگریٹی ہاٹ لائن کے ذریعے رپورٹ کریں گے۔ہم انسانی حقوق کے مثبت اثرات میں حصہ ڈالیں گے بشمول بچوں کے حقوق اور ڈیجیٹل شمولیت۔

کن چیزوں کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے:

۔اگر ہم اپنے ساتھیوں ، کاروباری شراکت داروں کے ملازمین یا کسی ایسے لوگوں کے جہاں ہم کام کرتے ہیں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا تجربہ کرتے ہیں ،اس کے بارے میں آگاہ یا شک کرتے ہیں۔

۔اگر ہمیں یا ہمارے ساتھیوں میں سے کسی کو ، ملازم کی شمولیت کا جائز فورمز میں شامل ہونے سے روکا جاتا ہے۔

۔اگر کوئی بشمول سرکاری اہلکار، ٹیلی نار کے ملازم ، صارفین یا کاروباری شراکت داروں بغیر صحیح اجازت کے اور مناسب عمل کی پیروی کیے بغیر ذاتی ڈیٹا مانگتا ہے۔

۔اگر کوئی معاہدہ جس پر ہم بات چیت کررہے ہیں یا اس کی قیمت اتنی کم ہے یا ترسیل کی مختصر مدت ہے کہ یہ ممکنہ طور پر کاروباری پارٹنر ملازمین کیلئے کم اجرت یا زیادہ کام کے اوقات کا باعث بنے گی۔

۔اگر کوئی موجودہ یا ممکنہ کاروباری پارٹنرز سپلائرز کنڈکٹ کے اصولوں کے پابند ہونے سے انکار کرتا ہے یا معائنے ،آڈٹ یا شفافیت کی دیگر کوششوں کے سلسلے میں تعاون کرنے کیلئے تیار نہیں ہے۔

بھیدی تجارت (انسائیڈر ٹریڈنگ):

ہم اندرونی معلومات پر نہ تو عمل کرتے ہیں اور نہ اسے شیئر کرتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔اندرونی معلومات ایسی کوئی بھی غیرعوامی معلومات ہوتی ہیں جو کسی کمپنی کے سٹاک کی قیمت کو متاثر کرتی ہیں اگر یہ عوام کو معلوم ہو، جیسا کہ مالیاتی نتائج ابھی تک عوامی طور پر ظاہر نہیں کیے گئے، ممکنہ انضمام اور حصول، اعلیٰ انتقامی تبدیلیاں اور اہم قانونی معاملہ۔

۔اندرونی معلومات پر تجارت ہمارے اخلاقی معیارات کی خلاف ورزی کرتی ہے اور کسی بھی دائرہ اختیار کے قوانین کے تحت ذاتی مجرمانہ خلاف ورزی ہے، اور اس کے ذاتی طور پر آپ کیلئے اور بحیثیت کمپنی ٹیلی نار کیلئے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں۔

۔دوسروں کے ساتھ اندرونی معلومات کا اشتراک کرنا جو بھی اس معلومات پر تجارت کرتے ہیں اسے ٹپنگ سمجھا جاتا ہے اور یہ ہمارے دستاویز اور قانون دونوں کی خلاف ورزی ہے۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔جب ٹیلی نار یا کسی دوسری کمپنی کے بارے میں اندرونی معلومات کے قبضے میں ہو تو ہم تجارت نہیں کرتے اور نہ ہی ٹپنگ میں مشغول ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ ہم یہ تجویز بھی نہیں کرتے کے دوسروں کو بھی ایسی حالت میں تجارت نہیں کرنی چاہیے۔

۔ہم ان تمام اندرونی معلومات کو ملکیت اور راز دارانہ سمجھتے ہیں جو سرمایہ کاری کرنے والے عوام کے لئے عام طور پر دستیاب نہیں ہوتی ہیں۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔اگر ہم کسی کاروباری یا قانونی مسئلے سے آگاہ ہو جاتے ہیں جسکی ٹیلی نار کے سٹاک یا کسی صارف یا کاروباری شراکت دار کی قیمت پر مثبت یا منفی نتائج ہو سکتے ہیں۔

۔اگر کوئی تجویز کرتا ہے کہ ہم مواد کی غیرعوامی معلومات پر مبنی سیکیورٹی خریدتے یا بیچتے ہیں۔

۔اگر ہمیں مطلع کیا جاتا ہے کہ ہم اندرونی فہرست میں ہیں۔

۔اگر ہم انضمام کے حصول یا کلیدی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔

۔اگر آپ کی کمپنی عوامی طور پر سٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ہے۔

منی لانڈرنگ:

ٹیلی نار منی لانڈرنگ کی تمام صورتوں کے سخت خلاف ہے

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔منی لانڈرنگ جرم سے حاصل کردہ رقم کو چھپانے یا اس کی صورت بدلنے کا عمل ہے۔

۔جرم سے حاصل شدہ مال میں کوئی بھی قابل قدر رشتے مثلاً رقم، اشیاء، اثاثہ جات یا املاک ہو سکتی ہیں۔

۔منی لانڈرنگ کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں اور اس تمام طرح کی صورتوں اور ترسیلات بشمول بینکنگ، سرمایہ کاری، انوسیٹی گیٹنگ، جائیداد اور رئیل سٹیٹ میں سرانجام دیا جا سکتا ہے۔

۔ٹرسٹ اور شیل کمپنیاں رقم کے اصل مالکان کو چھپا سکتی ہیں اور منی لانڈرنگ کے خطرے کو بڑھا سکتی ہیں۔

۔منی لانڈرنگ میں قانونی رقوم کا استعمال بھی شامل ہوتا ہے تاکہ مجرمانہ سرگرمی یا دہشت گردی میں مدد دی جا سکے۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں

۔ٹیلی نار صرف ایسے شراکت داروں کے ساتھ کاروباری معاملات کرنا چاہتا ہے جنکے پاس موجود رقم جائز ذرائع سے حاصل کی گئی ہے اور وہ جائز کاروباری سرگرمیوں میں سرگرم ہوں۔

۔ہم ٹیلی نار کے طریقہ کار کے مطابق اپنے کاروباری شراکت داروں کی سکریننگ اور نگرانی کر کے منی لانڈرنگ سے بچتے ہیں۔

۔ہم غیر معمولی ادائیگیوں یا بینکنگ انتظامات پر سوال اٹھاتے ہیں اور غیر معمولی درخواستوں کی اطلاع دیتے ہیں۔

۔اگر ہمیں پیسے اور جائیداد کی اصل یا منزل کے بارے میں شک ہے تو ہم ہمیشہ قانونی اور/یا ٹیکس فنکشن سے مشورہ کرتے ہیں۔

۔ہم مشکوک لین دین یا منی لانڈرنگ کے واقعات کی فوری اطلاع دیتے ہیں۔

کن چیزوں کو دیکھنے کی ضرورت ہے:

۔اگرادائیگیاں کسی ایسے فرد کی جانب سے کی جاتی ہیں جو معاہدے کا فریق نہیں ہے۔

۔اگرادائیگیوں کی درخواست کی جاتی ہے کہ یا معاہدے میں طے شدہ طریقے سے مختلف طریقے سے ادا کی جاتی ہے۔

۔اگرادائیگی نقد میں موصول ہوتی ہے اور اس طریقے سے روایتی طور پر ادائیگی نہیں کی جاتی۔

۔اگرادائیگی آف شور بینک اکاؤنٹ کی طرف سے آئی ہو۔

۔اگرادئیگیاں غیر معمولی اکاؤنٹس سے آتی ہیں جو عام طور پر زیر بحث پارٹی کے ذریعے استعمال نہیں کی جاتیں۔

خبریں اور سوشل میڈیا:

ہم اپنی بیرونی خط و کتابت اور بات چیت میں ہمیشہ احتیاط کا مظاہر کرتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔ٹیلی نار کی ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ٹیلی نار سے متعلق غیر خفیہ خبریں، سنگ میل اور کامیابیوں کا اشتراک کریں۔

۔تاہم سوشل میڈیا یا دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر صرف مخصوص اور لازمی افراد کو ٹیلی نار کی جانب سے بات کرنے کی اجازت ہے۔

۔ٹیلی نار سیاسی عہدہ نہیں لیتا یا سیاسی تحریکوں سے وابستہ نہیں ہوتا حالانکہ ہم اپنی حکمت عملی اور کاروباری کارکردگی کیلئے اہم موضوعات پر عوامی مباحثوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

۔ٹیلی نار سیاسی جماعتوں کو سپورٹ نہیں کرتا نہ براہِ راست مالی امداد کی شکل میں نہ ہی ادائیگی کے وقت۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم ٹیلی نار کی جانب سے سوشل میڈیا سمیت بیرونی بات چیت میں شامل نہیں ہوتے ہیں جب تک کہ ہمیں پہلے ایسا کرنے کا اختیار نہ دیا گیا ہو۔

۔ہم عوامی کام سے حساس یا خفیہ معلومات پر بحث نہیں کرتے ہیں۔

۔ہم سوشل میڈیا میں صرف اپنے ذاتی خیالات کی عکاسی کرتے ہیں، تاہم ٹیلی نار کے ملازم کی حیثیت سے ہم اس بات کو ذہن میں رکھتے ہیں کہ سوشل میڈیا پوسٹس تیزی سے پھیل سکتی ہیں اور اس سے پیچھے ہٹنا مشکل ہے اور اس لئے پوسٹ کرنے سے پہلے احتیاط برتیں۔

۔ہم ٹیلی نار کے بارے میں بیرونی سوالات صحافیوں/میڈیا سے کمیونیکیشن فنکشن اور مناسب ترجمانوں کو بھیجتے ہیں۔

۔ہم اس بات کو ذہن میں رکھتے ہیں کہ ٹیلی نار متنوع اقدار اور قانونی فریم ورک کے ساتھ متعدد ممالک میں کام کرتا ہے جس کا مطلب ہے کہ مقامی مواصلات عالمی سطح پر اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔

۔ہم سیاسی سرگرمی میں حصہ لے سکتے ہیں بشرطیکہ یہ قانونی ہو، ہمارے اپنے وقت میں اپنے وسائل کے ساتھ اور ٹیلی نار میں ہماری ملازمت سے منسلک نہ ہو۔

کن چیزوں کو دیکھنے کی ضرورت ہے:

۔اگر ہم سوشل میڈیا یا دیگر میڈیا پلیٹ فارمز پر عوامی مباحثوں سے آگاہ ہوجاتے ہیں جس سے ٹیلی نار کیلئے ممکنہ ساکھ خطرے میں پڑ جاتی ہے۔

۔جب بیرونی تقریبات یا دوسرے فورمز پر بات کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں جہاں ہم ٹیلی نار کی نمائندگی کرتے ہیں۔

۔اگر ہم فکرمند ہیں کہ بیرونی ذرائع سے ہماری بات چیت کمپنی پر منفی اثر ڈال سکتی ہے۔

۔اگر ہم اپنی کمپنی کو پروموٹ کرتے ہیں اور سوشل میڈیا یا دیگر میڈیا پلیٹ فارمز پر بیرونی سامعین سے ردعمل وصول کرتے ہیں۔

رازداری:

ہم تمام ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کر کے اعتماد حاصل کرتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔ہم اپنے تمام صارفین اور ملازمین کا ذاتی ڈیٹا رکھتے ہیں اور اس کی حفاظت کرنا اور اسے صرف جائز کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔

۔ذاتی ڈیٹا میں ملازم، گاہک اور کاروباری پارٹنر کی معلومات شامل ہیں جیسے مواصلات کا مواد، فون نمبر، ای میل، پتہ، مقامات، کال اور صحت کی معلومات۔

۔تمام ذاتی ڈیٹا کو خفیہ سمجھا جاتا ہے۔

۔ذاتی ڈیٹا کا ذمہ دارانہ استعمال ہمارے صارفین اور ملازمین کے اعتماد کو برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔

ہم سب سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم کسی ایسی شخص کے ساتھ ذاتی ڈیٹا شیئر نہیں کرتے جس کیلیئے کوئی خاص کاروباری مقاصد نہ ہو، جب تک کہ ڈیٹا شیئر کرنے کی اجازت نہ دی گئی ہو یا قانونی طور پر اس کی ضرورت نہ ہو۔

۔ہم صرف مخصوص کاروباری مقاصد کیلیئے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔

۔ہم اپنے صارفین اور ملازمین ساتھ کھلے اور ایماندار ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ڈیٹا کیسے استعمال کرتے ہیں۔

۔ہم یقینی بناتے ہیں کہ ذاتی ڈیٹا پر مناسب رسائی کنٹرول، سیکیورٹی اور ڈیٹا کے تحفظ کے اقدامات کے ساتھ کارروائی کی جاتی ہیں۔

۔ہم رازداری سے متعلق اپنی ذمہ داریوں سے باخبر رہتے ہیں۔

۔ہم رازداری کے قائم کردہ طریقہ کار اور عمل کی پیروی کرتے ہیں۔

کن چیزوں کو دیکھنے کی ضرورت ہے:

۔اگر ذاتی ڈیٹا تک غیر مجاز رسائی ہے۔

۔اگر ہم اپنے ملازمین یا صارفین کے بارے میں ڈیٹا جمع کر رہے ہیں جس کی وہ معقول طور پر توقع نہیں کریں گے کہ ہم اس طریقے سے جمع کریں گے یا استعمال کریں گے۔

۔اگر ہمارے ملازمین یا صارفین کا ذاتی ڈیٹا اس طرح استعمال کیا جا رہا ہے جسے دخل اندازی سمجھا جا سکتا ہے۔

۔اگر کوئی سرکاری اہلکار مناسب طریقہ کار پر عمل کیے بغیر کسی ملازم یا صارف کے بارے میں معلومات کی درخواست کرتا ہے۔

۔اگر کوئی ایسی نشاندہی کرے کہ ذاتی ڈیٹا سے سمجھوتہ کیا گیا ہے یا ہو سکتا ہے۔

سرکاری عہدیداران:

سرکاری عہدیداران کے ساتھ تعمل کے دوران ہم اعلیٰ اخلاقی معیارات کی پاسداری کرتے ہیں

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔عوامی عہدیداروں میں وہ تمام افراد شامل ہیں جو کسی حکومت کے ذریعے ملازم ہیں یا حکومت کی طرف سے کام کر رہے ہوں، بشمول قانون ساز، انتظامیہ، ایگزیکٹو یا فوجی عہدہ رکھنے والا کوئی شخص۔

۔عوامی اہلکار گورننس کے کام انجام دیتے ہیں جو ان معاشروں کیلیئے اہم ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں اور وہاں کام کرنے کیلیئے ہمارے لائسنس کیلیئے بھی ضروری ہیں۔

۔ٹیلی نار مختلف مقاصد کیلیئے عوامی عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کرتا ہے۔

۔سرکاری حکام کے ساتھ اشتراک کردہ معلومات حکومت کے زیر انتظام معلومات تک عوامی رسائی کو منظم کرنے والے قوانین کی وجہ سے اہم ہو سکتی ہیں۔

۔سرکاری کمپنیوں میں ملازمت کرنے والے افراد کو عوامی سمجھا جا سکتا ہے۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم ایسے طرز عمل میں ملوث نہیں ہیں جو کسی سرکاری اہلکار کو غلط طریقے سے متاثر کر سکتا ہو یا سمجھا جا سکتا ہو۔

۔جب ٹیلی نار کسی تجارتی یا منظوری کے عمل میں مصروف ہو تو ہم سرکاری اہلکاروں کے ساتھ مناسب احتیاط برتتے ہیں۔

۔ہم ہمیشہ مقامی قوانین یا قواعد کی تعمیل کرتے ہیں جو سرکاری اہلکاروں پر لاگو ہوتے ہیں۔

۔ہم سرکاری اہلکاروں کو تحائف پیش نہیں کرتے ہیں سوائے کم سے کم قیمت کی پروموشنل اشیاء کے، اور یہ بھی صرف تب جب ایسا کرنے کا رواج ہو۔

۔ہم سرکاری اہلکاروں کیلیئے سفر، رہائشی یا متعلقہ اخراجات ادا نہیں کر سکتے۔

۔ہم سرکاری اہلکاروں کو صرف معمولی مہمان نوازی پیش کرتے ہیں اور صرف اسی صورت میں جب وہ واضح اور جائز کاروباری مقاصد ہوں، اخراجات مناسب ہوں، اور سیاق و

۔ہم ہمیشہ اپنے مینیجر کے ساتھ عوامی عہدیداروں کو کاروباری شائستگی کی پیش کش پر تبادلہ خیال کرتے ہیں اور ضرورت کے مطابق کمپلائنس فنکشن سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔

۔ہم سرکاری اہلکاروں کو سہولیاتی ادائیگیاں نہیں کرتے ہیں اور ہم اس طرح کی ادائیگیوں کی درخواستوں کو کمپلائنس فنکشن کو رپورٹ کرتے ہیں۔

۔ہم مکمل شفافیت کے ساتھ اور بزنس یونٹ کے سی ای او کی پیشگی تحریری منظوری کے ساتھ خصوصی حالات میں اپنی طرف سے وکالت کیلئے صرف لابسٹ کا استعمال کرتے ہیں، اور یہ ذمہ داری لابسٹ کے ساتھ معاہدے میں شامل کی جائے گی۔

۔ہم ٹیلی نار کی جانب سے عوامی عہدیداروں کے ساتھ بیرونی گفت وشنید میں شامل نہیں ہوتے ہیں جب تک ہمیں پہلے ایسا کرنے کا اختیار نہ دیا گیا ہو۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔ایسا کاروباری شراکت دار جو ہماری جانب سے سرکاری عہدیداروں کے ساتھ بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر تعمل رکھتا ہو۔

۔اگر کوئی سرکاری اہلکار ٹیلی نار کے ملازمین، صارفین یا کسی دوسرے فرد کے ذاتی ڈیٹا مانگتا ہے۔

۔اگر کوئی سرکاری اہلکار ٹیلی نار سے ہمارے سبسکرائبرز کو معلومات یا پیغامات بھیجنے کی درخواست کرتا ہے۔

۔اگر کوئی سرکاری اہلکار کسی کاروباری شراکت دار کا مالک ہے، اس کا انتظام کرتا ہے یا اس سے وابستہ ہے۔

۔اگر کوئی سرکاری اہلکار، یا سرکاری اہلکار کا قریبی خاندانی رکن یا کاروباری ساتھی، ٹیلی نار میں کسی عہدے کیلئے درخواست دیتا ہے۔

ہمارے اثاثوں کی حفاظت:

ہمارے ہر کام میں خطرات پر مشتمل تحفظ شامل ہوتا ہے

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔کمپنی کے اثاثے وہ سب کچھ ہیں جو ہماری کمپنی کی ملکیت ہیں یا کاروبار چلانے کیلئے استعمال کیے جاتے ہیں بشمول آلات، سہولیات، نظام اور معلومات

۔کمپنی کے اثاثوں کی حفاظت ہم سب کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

۔دانشورانہ املاک جیسے ٹریڈ مارکس، کاپی رائٹ شدہ کام، ایجادات، تجارتی راز اور معلومات اکثر قیمتی ہوتے ہیں اور مارکیٹ میں ٹیلی نار کامیابی کیلئے اہم ہو سکتے ہیں۔

۔سیکیورٹی کے خطرات ہمارے اثاثوں کو متاثر کر سکتے ہیں اور اہم مالی، آپریشنل اور شہرت کے اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔جب ہم کاروباری فیصلے کرتے ہیں تو ہم ہمیشہ حفاظتی خطرات کا جائزہ لیتے ہیں اور سیکیورٹی کی پالیسیوں اور تقاضوں کی پیروی کرتے ہیں۔

۔ہم سیکورٹی کے کسی بھی واقعے کی اطلاع فوری طور پر اور مقامی طریقہ کار قوانین اور ضوابط کاے مطابق دیتے ہیں۔

۔ہم کمپنی کے اثاثوں کو نقصان، چوری، فضول خرچی اور غلط استعمال سے بچاتے ہیں۔

۔ہم کمپنی کے اثاثوں تک ملازم اور فریق ثالث کی رسائی کو اس حد تک محدود کرتے ہیں جو تفویض کردہ کام کو پورا کرنے کیلئے ضروری ہے۔

۔ہم ہمیشہ رسائی دینے کیلئے مناسب پروٹوکول کی پیروی کرتے ہیں اور اپنی رسائی کی اسناد کا اشتراک نہیں کرتے ہیں بشمول، پن کوڈ، ٹوکنز اور پاس ورڈز۔

۔ہم معلومات کے اشتراک اور ذخیرہ کرنے کیلئے صرف ٹیلی نار کے منظور شدہ نظام کا استعمال کرتے ہیں۔

۔ہم اپنے احاطے کو غیر مجاز رسائی سے بچاتے ہیں اور دفتر کے اوقات کار کے دوران ٹیلی نار کا بیج پہنتے ہیں۔

۔ہم ٹیلی نار کی املاک دانش کی حفاظت مناسب طور پر کرتے ہیں اور دوسروں کے دانشوارانہ املاک کے حقوق کا احترام کرتے ہیں۔

کن چیزوں کو دیکھنے کی ضرورت ہے:

۔ہم اپنے دفتری مقامات پر موجود لوگوں پر نگاہ رکھتے ہیں یا ایسے لوگوں پر نگاہ رکھتے ہیں جو ہماری اجازت یا اپنے کوائف کو باقاعدہ ڈسپلے کیے بغیر ہمارے دفتری مقامات پر داخل ہونے کی کوشش کر رہے ہوں۔

۔اگر ہمارا سیل فون، لیپ ٹاپ یا کمپیوٹر گم ہو جائے، چوری ہو جائے یا اچانک مختلف طریقے سے برتاؤ کرنے لگ جائے۔

۔اگر ہمیں مشتبہ ای میلز، پیغامات یا کالز موصول ہوتی ہیں۔

دفتری مقام کا ماحول:

ہم ایک دوسرے کے ساتھ احترام اور وقار سے برتاؤ کرتے ہیں۔

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے:

۔تمام ملازمین کو ایسے دفتری ماحول میں کام کرنے کا حق حاصل ہے جو ہراسگی، دباؤ، امتیازی سلوک یا کسی بھی وجہ سے تشدد کے خطرات بشمول جنس، صنفی، مذہب یا پہچان، نسل ،معذوری، قومیت، مذہبی عقائد یا شہریت کی بناء پر کیے جانے والے اقدامات سے پاک ہو۔

۔ہم اپنے ملازمین کی کثیر النوعیت ہونے کو ایک مسابقانہ برتری کے طور پر دیکھتے ہیں کیوں کہ اس سے ہمارے نظریے کو وسعت ملتی ہے اور ہمیں اپنے صارفین کی ضروریات اور خواہشات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

۔ٹیلی نار ملازمت سے متعلق تمام امور میں مساوات کو فروغ دینے کیلئے بہترین کوششیں بروئے کار لاتا ہے۔

۔ہم ایسے دفتری ماحول کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جہاں تمام لوگوں سے ایماندارانہ اور پیشہ ورانہ انداز میں سلوک کیا جاتا ہو ان کے منفرد خیالات اور جداگانہ پن کی قدر کی جاتی ہو ۔

ہم سے کیا توقعات وابستہ ہیں:

۔ہم اپنے ساتھی کارکنوں کا احترام کرتے ہیں اور ان سے اسی طرح برتاؤ کرتے ہیں جس طرح ہم اپنے چاہنے والوں کے ساتھ کرتے ہیں۔

۔اگر کوئی ملازم کاروباری شراکت دار یا صرف نیک نیتی سے کسی شکایت یا تحفظات کا اظہار کرے تو ہم انتقامی کارروائی نہیں کرتے۔

۔ہم ایسی کسی بھی قسم کی بات چیت یا خط و کتابت نہیں کرتے جو جارحانہ انداز میں، عام لیے جانے والے لطیفوں، مخصوص چھاپ لگانے یا دھمکیوں جیسی چیزوں پر مشتمل ہو اور نہ ہی ہم متشددانہ تصاویر، کارٹون خاکے یا اشارے آویزاں یا شیئر کرتے ہیں۔

۔ہم مختلف نظریات کو غور سے سنتے ہیں اور ان خیالات و نظریات پر خالصتاً خوبیوں کی بناء پر ہی غور کرتے ہیں۔

۔ہم ہراسگی یا نامناسب رویوں کے ناخوشگوار واقعات کا مقابلہ کرتے ہیں اور اپنے دفتری ماحول کی حفاظت کیلئے فعال ہیں۔

۔ہم دفتر میں شراب یا غیر قانونی منشیات استعمال نہیں کرتے اور نہ ہی تجویز کردہ ادویات کا غلط استعمال کرتے ہیں اس کے علاوہ ہم کاروباری دوروں یا دیگر ذمہ داریوں کی سرانجام دہی بشمول طویل عرصے کیلئے بیرون ملک تعینات کے دوران جنسی خدمات کی خریداری نہیں کرتے۔

کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۔ہم کسی قسم کی کے ڈراوٗ اور دھمکاوٗ، اہانت یا ہراسگی کو دیکھتے، سنتے ہیں اس کا سامنا کرتے ہیں۔

۔ہمیں ہراسگی، جنسی ہراسگی یا کسی قسم کی نسل پرستی کے واقعات رونما ہونے اور کسی بھی فرد کے ملوث ہونے کے متعلق پتہ چلتا ہے یا ایسے کسی مسئلے کا سامنا ہوتا ہے۔

۔ہمارے مینیجرز اور سپروائزرز مسلسل ہمارے ایک ایسے ساتھی کارکن یا کارکنوں کے مخصوص گروہ کی نشاندہی کرتے آرہے ہیں جو ایسی تنقید یا برتاؤ کے مرتکب ہیں جس کا ان کے کام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

۔ہمیں شک ہے کہ چند ساتھی کارکنوں کی ترقی یا پراجیکٹ تفویض کیے جانے والے امور کیلئے منصفانہ طور پر زیر غور نہیں لایا جا رہا ہے۔

۔ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ چند افراد یا ساتھی کارکنوں کے چند گروہ کو بحث و مباحث میں شرکت سے باہر رکھا جا رہا ہے۔

اپنی آواز کیسے اٹھائی جائے:

ہمارے ضابطہ اخلاق کا ایک لازمی جزو ہے کہ ہم ''آواز اٹھانا جانتے ہیں''۔ ہم اپنے مینیجرز اور کمپلائنس فنکشن سے ہمیشہ تب سوال کرتے ہیں جب ہمیں شبہ ہو کہ سب ہمارے اخلاقی معیارات اور کوڈ سے مطابقت رکھتا ہے۔ اور ہم ہمیشہ ان تمام عوامل کو رپورٹ کرتے ہیں جو ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے ضابطہ اخلاق اور قوانین سے مطابقت نہیں رکھتے۔ رپورٹ کرنے سے ہم ٹیلی نار کو قابل اطلاق قوانین کے مطابق چلانے کے قریب لے جاتے ہیں۔ یہ وہ ذمہ داری ہے جو ٹیلی نار کے ملازمین ہونے کے ناطے ہم پر عائد ہوتی ہے۔

کبھی کبھی سامنے آ کے اپنے اعتراضات اٹھانا ہمت کی بات ہوتی ہے۔ اگر آپ کبھی مینیجرز یا کمپلائنس فنکشن کے ساتھ بات کرنے میں سہولت محسوس نہیں کرتے تو آپ انٹگریٹی ہاٹ لائن پر رجوع کر سکتے ہیں جو تمام ملازمین اور سٹیک ہولڈرز کیلئے ہر وقت دستیاب ہے۔ انٹگریٹی ہاٹ لائن کو قائم کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اعتراض اٹھانے والے اور جس پر

اعتراض اٹھایا جارہا ہے دونوں کی رازداری کو برقرار رکھا جائے اور یہ تمام آپریشن ایک مخصوص آزاد ٹیم کی جانب سے چلایا جارہا ہے۔ تمام رپورٹس رازدارانہ طریقے سے محفوظ کی جاتی ہیں اور نہایت ہی احتیاط کے ساتھ صرف مخصوص وہ لوگ جن کو خصوصی اقدار حاصل ہو صرف ان کو استعمال کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ یہ چینل ہمیشہ دستیاب ہے اور زیادہ تر مقامی زبانوں میں دستیاب ہے۔ آپ نامعلوم رہ سکتے ہیں۔ آپ کی شناخت تب تک راز رہے گی جب تک آپ چاہیں گے۔

تمام اعتراضات کو سنجیدگی سے لیا جاتا ہے اور اس کی شفاف پیروی بھی کی جاتی ہے۔ سب سے پہلے رپورٹس کو وصول کیا جاتا ہے پھر جی آئی اے (گروپ انٹرنل آڈٹ) کی جانب سے اس کا مکمل تسلی بخش جائزہ لیا جاتا ہے۔ سنجیدہ نوعیت کے معاملات پر جی آئی اے معاملے کی تفتیش کرتا ہے تاکہ متعلق حقائق کو واضح کیا جا سکے۔ باقی کیسز کو ان کی نوعیت اور اقسام کی بناء پر مختلف مقرر کردہ بزنس یونٹس کے آزاد فنکشن کی طرف منتقل کر دیئے جاتے ہیں۔ تمام عوامل میں معلومات کو مکمل رازداری سے رکھنا بہت ضروری ہے تاکہ پورے عمل کی نیک نامی پر کوئی سوال نہ اٹھا سکے۔

کمپلائنس پروگرام کا ایک بڑا حصہ درستگی کے معاملات کو دیکھ رہا ہے جس میں ملازمین کا درست رویہ شامل ہے۔ کمپلائنس فنکشن مینجمنٹ کو سپورٹ کرتا ہے کہ تفتیش شدہ اعتراضات اور درستگی کے عوامل کی ضرورت ہے یا نہیں۔ کوئی بھی شخص جو کسی قانون، ضابطہ اخلاق، ٹیلی نار پالیسی یا مینوئل کی خلاف ورزی کرتا ہے اس کو نوکری سے فارغ ہونے تک کے نتائج کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس طرح کی برطرفیاں ٹیلی نار کو کمرشلی نقصان پہنچا سکتی ہیں، ایک انفرادی طور پر بھی خلاف ورزی کرنے والا سزا، نقصانات، اور قید تک کے معاملات سے بھی دوچار ہو سکتا ہے۔

یہ بہت ضروری ہے کہ ہم جان لیں کہ ہمیں کسی بھی غیر اخلاقی اور غیر قانونی معاملے کو بغیر کسی خوف کے رپورٹ کرنا ہے۔ ٹیلی نار سچ اور صحیح بولنے والوں کے خلاف کوئی ردعمل برداشت نہیں کر سکتا۔

دستبرداری:

یہ ضابطہ اخلاق کا آفیشل ورژن ہے، جسے ٹیلی نار اے ایس اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 26 اکتوبر 2021 سے منظور کیا ہے، جو جنوری 2022 سے درست ہے۔ اگر اس ورژن اور ترجمہ شدہ ورژن میں سے کسی کے درمیان تضادات ہیں تو انگریزی زبان کا ورژن اسے کنٹرول کر رہا ہے۔